جوشخص امام کوپہلی رکعت کے دوسرے سجدے میں پائے تونماز میں کیسے شامل ہو؟

مجیب: مفتی ابو محمد علی اصغر عطاری مدنی

تاریخ اجراء: ماہنامہ فیضانِ مدینہ اگست 2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص مسجد میں آئے اور امام صاحب پہلی رکعت کے دوسرے سجدے میں ہوں تو اس شخص کو پہلی رکعت تو نہیں ملی، جس کی وہ قضا امام کے سلام کے بعد کرے گا، سوال یہ ہے کہ کیا دوسرے سجدے میں امام کے ساتھ شامل ہو سکتا ہے، اگر شامل ہو گیا تو جو ایک سجدہ رہ گیا ہے وہ سجدہ بھی اس کو کرنا ہو گا یا ایک سجدہ کرکے امام صاحب کے ساتھ کھڑا ہو جائے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جب کوئی شخص امام کو دوسرے سجدہ میں پائے تو نماز میں ملنے کا طریقہ یہ ہے کہ قیام کی حالت میں تکبیرِ تحریمہ کہے پھر سجدہ میں جانے کے لئے تکبیر کہے اور سجدہ میں امام کے ساتھ شامل ہو جائے۔ اس صورت میں مقتدی پر اس سجدہ کی قضاء لازم نہیں ہو گی جو امام پہلے کر چکا ہے، بلکہ رہ جانے والی رکعت کو جب وہ ادا کرے گا تو اس رکعت کے سجدے بھی ادا ہو جائیں گے۔

اگر کوئی شخص اس موقع پر امام کے کھڑے ہونے کا انتظار کرے پھر نماز میں شامل ہو تو ایسا کرنا گناہ نہیں البتہ مستحب یہ ہے کہ امام جس حالت میں بھی ہو اس کے ساتھ شریک ہو اجائے، انتظار نہ کیا جائے۔

ترمذی شریف میں ہے: ”قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اذا اتی احدکم الصلاۃ والامام علی حال فلیصنع کما یصنع الامام“ یعنی جب تم میں سے کوئی نماز کے لئے آئے اور امام کسی حالت میں ہو تو وہ شخص بھی وہی کرے جو امام کر رہا ہے۔ (ترمذی، 103/2، حدیث: 591)

بخاری شریف میں وارد حدیثِ پاک کا جز ہے: ”فما ادرکتم فصلوا وما فاتکم فاتموا“ یعنی امام کی نماز سے جو تم پالو وہ پڑھ لو اور جو تم سے فوت ہو جائے اس کو بعد میں مکمل کرو۔ (بخاری، 230/1، حدیث: 636)

مذکورہ حدیثِ پاک کی شرح میں علامہ بدرالدین عینی رحمۃُ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: ”فیہ استحباب الدخول مع الامام فی ای حالۃ وجدہ علیھا“ یعنی اس حدیثِ پاک سے پتا چلا کہ امام کو جس حالت میں بندہ پائے اس حالت میں شریک ہو جائے، یہ مستحب ہے۔ (عمدۃ القاری 213/4، تحت الحدیث: 636)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net